129429- منگیتر کو دیکھتے وقت سر ننگا کرنا

سوال

جب کوئی نوجوانکسی لڑکی کا رشتہ طلب کرے تو کیا لڑکی کو دیکھنا واجب ہے ؟

اور کیا یہ صحیح ہے کہ لڑکی اپنا سر ننگا کر کے دکھائیگی تا کہ اسے دیکھنے والے کو اور زیادہ خوبصورتی ظاہر ہو؟

پسندیدہ جواب

ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن یہ واجب نہیں بلکہ منگنی کرنے والے شخص کا عورت کو اور عورت کا مرد کو دیکھنا مباح ہے، کیونکہ یہ چیز محبت پیدا ہونے کے زیادہ قریب ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منگنی کرنے والے شخص کو عورت دیکھنے کا کہا تھا، اس لیے اگر وہ اس کے سامنے اپنا چہرہ اور ہاتھ اور سر سے پردہ اتار کر آتی ہے تو صحیح یہی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں.

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ: چہرہ اور ہاتھ ہی کافی ہیں لیکن صحیح یہی ہے کہ سر اور پاؤں دیکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں تا کہ اس کے محاسن مکمل ہو جائیں.

اسی طرح عورت کو بھی حق حاصل ہے کہ وہ مرد کو دیکھ لے؛ کیونکہ یہ چیز ان دونوں میں محبت پیدا کرنے کا باعث ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے.

لیکن یہ خلوت کے بغیر ہونا چاہیے، بلکہ عورت کے ساتھ اس کا والد یا بھائی یا پھر کوئی اور عورت ہو، مرد اس کے ساتھ خلوت نہ کرے" انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ

دیکھیں: فتاوی نور علی الدرب (1522/3).

آپ مزید فائدہ کے حصول کے لیے سوال نمبر (2527) اور (102369) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.